# بدھ کے دن ناخن کاٹنا کیسا؟

**مجیب:** مفتی محمد قاسم عطاری

**فتوی نمبر:** Sar-7780

**تاریخ اجراء:** 04 شعبان المعظم 1443ھ/08 مارچ 2022ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرعِ متین اِس مسئلے کے بارے میں کہ کیا بدھ کے دن ناخن کاٹنا درست ہے؟ اگر بدھ والے دِن نہ کاٹے جائیں اور چالیس دِن پورے ہو رہے ہوں تو کیا اِس صورت میں بھی بدھ گزار کر جمعرات کو کاٹنے چاہئیں یا بدھ کو ہی کاٹ لیے جائیں؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

بدھ کے دن ناخن نہیں کاٹنے چاہئیں کہ برص یعنی کوڑھ ہو جانے کا اندیشہ ہے، البتہ اگر اُنتالیس دن سے نہیں کاٹے تھے اور آج بدھ کو چالیسواں دن ہے، اگر آج بھی نہیں کاٹتا، تو چالیس دن سے زائد ہو جائیں گے تو اُس پر واجب ہو گا کہ آج کے دن ہی کاٹے، کیونکہ چالیس دن سے زائد ناخن رکھنا ناجائز اور مکروہِ تحریمی ہے۔

**بدھ کے دن ناخن کاٹنے کے** متعلق شہاب الدین علامہ اَحمد خَفَاجی مصری رَحۡمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیۡہِ (سالِ وفات: 1069ھ/1659ء) لکھتے ہیں: "قص الاظافر وتقليمها سنة ورد النهى عنه فى يوم الاربعاء وانه يورث البرص وحكى عن بعض العلماء انه فعله فنهى عنه فقال لم يثبت هذا فلحقه البرص من ساعته فراى النبى صلى اللہ تعالٰی عليه وسلم فى منامه فشكى اليه ما اصابه فقال له الم تسمع نهى عنه فقال لم يصح عندى فقال صلى اللہ تعالٰی عليه وسلم يكفيك انه سمع ثم مسح بيده الشريفة فذهب ما به فتاب عن مخالفة ما سمع" ترجمہ: ناخن کاٹنا سنت ہے، لیکن بدھ کے دن ناخن تراشنے سے حدیث میں ممانعت آئی ہے، کیونکہ اِس سے برص لاحق ہونے کا اندیشہ ہے۔ بعض اہلِ علم کے متعلق ایک حکایت ہے کہ اُن میں سے ایک نے بدھ کے روز ناخن تراشے۔ اُنہیں اِس سے منع کیا گیا، لیکن انہوں نے فرمایا یہ (بدھ کے روز ممانعت والی) حدیث بطریقِ صحیح ثابت نہیں، چنانچہ جب اُنہوں نے بدھ کو ناخن تراشے تو انہیں فوراً مرضِ برص لاحق ہو گیا،

پھر اُن کو خواب میں نبی کریم صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی زیارت نصیب ہوئی۔ انہوں نے آپ کی بارگاہ میں مرضِ برص کی شکایت کی، آپ صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اُن سے فرمایا: کیا تم نے بدھ کے روز ناخن تراشنے کی ممانعت نہیں سنی تھی؟ انہوں نے جواباً عرض کیا کہ میرے نزدیک وہ حدیث درجۂ صحت کو نہیں پہنچی تھی۔ اِس پر حضور صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا کہ تمہارے لیے اتنا ہی کافی ہونا چاہیئے تھا کہ یہ حدیث تم نے ہمارے نام سے منسوب ہو کر سنی تھی۔ (اِس گفتگو کے بعد) نبی رحمت صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اپنا دستِ اقدس اُن کے جسم پر پھیرا تو کوڑھ فوراً ختم ہو گیا۔ اس کے بعد اُس عالم نے اُس سنی ہوئی حدیث کے مخالف فعل کرنے سے توبہ کی۔
(نسیم الریاض فی شرح شفاء القاضی عیاض، جلد2، صفحہ 5، مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

مذکورہ حکایت میں جو عالمِ دین تھے، وہ صاحبِ "کتابُ المَدْخَل" علامہ ابن الحاج مکی مالکی رَحْمَۃُ اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ تھے۔ یہ تعیین علامہ احمد طحطاوی حنفی رَحْمَۃُ اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ نے درج ذیل مقام پر کی ہے۔ (حاشیۃ الطحطاوی علی الدر المختار، جلد11، کتاب الحظر والاباحۃ، صفحہ 192، مطبوعہ کوئٹہ)

امامِ اہلِ سنّت، امام احمد رضا خان رَحْمَۃُ اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ (سالِ وفات: 1340ھ/1921ء) سے بدھ کے دن ناخن کاٹنے کے متعلق سوال ہوا تو آپ نے جواباً لکھا: "نہ چاہیے، حدیث میں اِس سے نَہی آئی کہ معاذ اللہ مورثِ برص ہوتا ہے۔ بعض علماء رحمہم اللہ تعالیٰ نے بدھ کو ناخن کتروائے، کسی نے بربنائے حدیث منع کیا، فرمایا صحیح نہ ہوئی، فوراً برص ہو گئی، شب کو زیارتِ جمالِ بے مثال حضور پرنور محبوب ذی الجلال صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے مشرف ہوئے۔ شافی کافی صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے حضور اپنے حال کی شکایت عرض کی، حضور والا صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: کیا تم نے نہ سنا تھا کہ ہم نے اس سے نَہی فرمائی ہے۔ عرض کی: حدیث میرے نزدیک صحت کو نہ پہنچی، ارشاد ہوا: تمہیں اتنا کافی تھا کہ یہ حدیث ہمارے نام پاک سے تمہارے کان تک پہنچی، یہ فرما کر حضور مُبری الاکمہ والابرص ومُحی الموتیٰ صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اپنا دست اقدس کہ پناہِ دوجہاں و دستگیرِ بے کساں ہے، اُن کے بدن پر لگایا، فوراً اچھے ہو گئے اور اُسی وقت سے توبہ کی کہ اب کبھی حدیث سن کر ایسی مخالفت نہ کروں گا۔" (فتاویٰ رضویہ، جلد22، صفحہ 574، مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

**چالیس دن سے زائد ناخن نہ بڑھانے** کے متعلق صحیح مسلم میں ہے: "قال انس وقت لنا فی قصّ الشارب وتقلیم الاظفار ونتف الابط وحلق العانۃ ان لا نترک اکثر من اربعین لیلۃ" ترجمہ: حضرت انس رَضِیَ اللہ تَعَالٰی عَنْھُمَا فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ہمارے لیے مونچھیں کاٹنے، ناخن تراشنے، بغلوں

کے بال اور موئے زیرِناف صاف کرنے کے لیے ایک خاص وقت مقرر فرمایا تھا اور وہ وقتِ مقرر یہ تھا کہ ہم چالیس راتوں سے زیادہ اُنہیں مت چھوڑے رکھیں۔ (صحیح مسلم، جلد 1، کتاب الطھارۃ، باب فی خصال الفطرۃ، صفحہ 129، مطبوعہ کراچی)

علامہ علاؤالدین حصکفی رَحْمَۃُاللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ (سالِ وفات: 1088ھ/1677ء) لکھتے ہیں: ”کرہ ترکہ وراء الاربعین“ ترجمہ: چالیس دن سے زیادہ چھوڑ دینا مکروہ ہے۔ (درمختار مع ردالمحتار، جلد 9، کتاب الحظر والاباحۃ، فصل فی البیع، صفحہ 671، مطبوعہ کوئٹہ)

اس کے تحت علامہ ابنِ عابدین شامی دِمشقی رَحْمَۃُاللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ (سالِ وفات: 1252ھ/1836ء) نے لکھا: ”ای تحریماً“ ترجمہ: یہاں کراہت سے مکروہ تحریمی مراد ہے۔ (ردالمحتار مع درمختار، جلد 9، کتاب الحظر والاباحۃ، فصل فی البیع، صفحہ 671، مطبوعہ کوئٹہ)

**اگر چالیسواں دِن بدھ کا ہو تو ایسی صورت میں حکمِ شرعی کیا ہے؟** چنانچہ اِس کے متعلق امامِ اہلِ سنّت، امام احمد رضا خان رَحْمَۃُاللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ لکھتے ہیں: ”اگر بدھ کا دن وُجوب کا دن آجائے، مثلاً اُنتالیس دن سے نہیں تراشے تھے، آج بدھ کو چالیسواں دن ہے، اگر آج نہیں تراشتا تو چالیس دن سے زائد ہو جائیں گے، تو اس پر واجب ہوگا کہ بدھ کے دن تراشے، اِس لیے کہ چالیس دن سے زائد ناخن رکھنا ناجائز و مکروہ تحریمی ہے۔“ (فتاویٰ رضویہ، جلد 22، صفحہ 685، مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftAhlesunnat
Dar-ul-Ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net